RAMPUR GOVT. GAZETTE

سرکاری گزٹ رامپور

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

نمبر ۴۱ | روز دوشنبہ تاریخ ۱۰ اکتوبر ۱۹۲۸ء عیسوی مطابق ۱۸ ربیع الاول سنہ ۱۳۴۷ ہجری | جلد [illegible]

فہرست مضامین

[illegible]	نام مضمون	نمبر صفحہ
	روبکار صاحب جوڈیشل انچارج	
[illegible]	[illegible]	۱
	احکام صاحب ریونیو انچارج	
[illegible]	[illegible]	۲
	[illegible]	۳
[illegible]	[illegible]	[illegible]

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل انچارج
واقع ۳۰ اکتوبر سنہ ۱۹۲۸ء

[illegible]

اگر گزٹ کا ذخیرہ سے یاد سے جاتا رہے لہذا میں بغرض تاکید ہر کچہری
عام ہدایت کرتا ہوں کہ ہر اظہار کے اندر یا تشخیص یا فرد قرار داد
فریقین یا وکلاء فریقین بالضرور لکھید کیا کرے اور اسی طرح تجویز
و فیصلہ میں بھی نقل اسکی ہر ایک اجلاس میں بھیجی جاوے اور مندرج
گزٹ بھی ہو۔ فقط

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر
اضافہ

۱۰ اکتوبر ۱۸۹۲ء

مولوی کاظم علی محرر سررشتہ اسٹامپ کا حسب سفارش مولوی
محمد ظہور الحق صاحب حاکم اسٹامپ بوجہ کثرت کار بعلاوہ مشاہرہ سابق
پانچ روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔ حکم ہوا کہ
درج گزٹ ہو۔

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر واقعہ ۵ اکتوبر ۱۸۹۲ء متعلقہ یادداشت صاحب افسر آڈٹ دربارہ تلف کر دیئے جانے لفافجات ڈاک کے بعد جانچ سررشتہ آڈٹ

رائے صاحب افسر آڈٹ کی منظور ہے اسی موافق عملدرآمد ہووے
بابو تلسی رام صاحب کے ہونے کا اعلان گزٹ میں اشاعت ہووے

یادداشت سررشتہ آڈٹ واقع ۲۹ ستمبر ۱۸۹۲ء

بطرز معمول ڈاک کے جو آیا کرتے ہیں اونکے ساتھ بہت لفافجات
ہوتے ہیں یہ اگرچہ جانچ کے واسطے ضروری ہیں لیکن انکا سررشتہ میں
ہمیشہ رہنا ضروری نہیں معلوم ہوتا اسلئے کہ بجز اسکے فضول بڑھتا ہے
اگر صاحب ریونیو ممبر بہادر کی رائے میں مناسب متصور ہو تو بعد جانچ
ایسے لفافہ جات تلف کر دئے جایا کریں اگر بعد جانچ تلف ہوں تو تین
ثلث کر دیا کروں ورنہ بعد جزائی دیوانصاحب صدر چاک کر دیا کریں
یادداشت ہذا باستدعاے صدور حکم مناسب خدمت میں
صاحب ریونیو ممبر بہادر کے مرسل ہو۔

مطبع سرکاری ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

[illegible]

محکمہ صاحب سکرٹری [illegible] کونسل

ملاحظہ [illegible] روئداد کمیٹی ہیلتھ میونسپل بورڈ [illegible] اطلاع کرد [illegible]

روئداد کمیٹی ہیلتھ میونسپل بورڈ شہر رامپور منعقدہ یکم ستمبر ۱۹۳۱ء

منشی محمد [illegible] حسین خاں صاحب مجسٹریٹ ضلع صدر نشین

منشی نند کشور صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ ضلع سکرٹری کمیٹی

اسمائے شرکائے جلسہ

ملازمین

۱۔ صاحبزادہ علی ظفر خاں صاحب
۲۔ صاحبزادہ محمد سعادت یار خاں صاحب تحصیلدار حضور تحصیل۔
۳۔ پنڈت [illegible] لعل صاحب بخشی فوج۔
۴۔ حافظ احمد علی خاں صاحب شوق مہتمم [illegible]۔
۵۔ حکیم اسعد رضا خاں صاحب مہتمم شفاخانہ یونانی۔
۶۔ منشی صادق حسین صاحب [illegible] صفائی۔
۷۔ چوبے گنگا پرشاد صاحب ڈپٹی انسپکٹر مدارس
۸۔ سید عبداللہ صاحب مہتمم شفاخانہ [illegible] انگریزی
۹۔ پنڈت [illegible] صاحب مدرس مدرسہ انگریزی۔
۱۰۔ پنڈت [illegible] لال صاحب ڈاکٹر فوج

غیر ملازمین

۱۔ لالہ گوپال داس صاحب۔
۲۔ مرزا محمد حسین صاحب۔
۳۔ منشی عبداللہ صاحب۔
۴۔ پنڈت رام دت صاحب۔
۵۔ محمد نبی خاں صاحب۔
۶۔ لالہ [illegible] لال صاحب۔
۷۔ لالہ [illegible] داس صاحب۔
۸۔ لالہ [illegible] لال صاحب۔
۹۔ عبدالعزیز خاں صاحب۔
۱۰۔ جہانگیر صاحب۔

امور تصفیہ طلب

۱۔ صفائی عام شہر۔

تجویزات کمیٹی

باتفاق تجویز ہوئی کہ ممبر صاحبان کمیٹی اپنے اپنے علاقوں میں نگرانی کرکے جو کیفیت صفائی کی [illegible] اس کی اطلاع سکرٹری [illegible] صاحب [illegible] کمیٹی کو [illegible] رپورٹ کیا کریں۔

۲ - ممبر صاحبان بورڈ کی گشت گرداوری	استفسار پر معلوم ہوا کہ ابتک تقسیم حلقہ ممبران نہیں ہوئی اسلیئے کوئی شخص ذمہ دار کسی حلقہ اور محلہ کا نہیں ہے بالاتفاق رائے جملہ ممبر صاحبان تجویز ہوا کہ حلقہ محلہ وار تقسیم ہو جاوے اسکی بابت ایک سب کمیٹی منعقد ہو کر وہ ہر ممبر کو اُسکا حلقہ تقسیم کر کے فہرست پیش کریں سب کمیٹی میں اصحاب ذیل ممبر قرار دیئے گئے۔ صاحب سکریٹری بورڈ منشی صادق حسین صاحب حافظ احمد علی خان صاحب پنڈت مہرادت صاحب صاحبزادہ [illegible]
۳ - تخفیف بہشتیان صفائی۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ چونکہ یہ موسم برسات کا ہے تخفیف بہشتیان ہونا چاہیئے تا اختتام برسات دو بہشتی رکھے جاویں باقی موقوف کر دیئے جاویں شروع اکتوبر میں ایک سب کمیٹی منعقد ہو اور گزارش اسکی بابت پیش کریں
۴ - آبپاشی گذرگاہان کیچڑ زیادہ ہو گئی ہے	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ جو جو گڈھے بہت خراب ہیں وہ حسب ایما صاحب سکریٹری بہادر کونسل پزاوہ کی راکھ سے پٹوائے جاویں کہ راہ گیروں کی تکلیف رفع ہو جاوے۔
۵ - نالی اور نالہ میں کوڑا ڈالنا بند ہونا چاہیئے	بالاتفاق تجویز ہوا کہ ممبر صاحبان اگر خاکروبان کی غلطی یا کسی مکان کے سامنے کوڑہ پڑا دیکھیں تو نوٹ پیش کریں۔
۶ - بابت انتظام روشنی شہر کہ اکثر شکایت ہوتی ہے اور لالٹین باوجود وقت سے قبل گل ہو جاتی ہیں۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ جملہ ممبر صاحبان وقت گل دیکھنے کسی لالٹین کے باجلاس صاحب سکریٹری بہادر کونسل اطلاع دیں اور شہر میں اکثر تہ صاحب آنریری اسسٹنٹ صاحب مجسٹریٹ ضلع اور دوسرے تہ صاحب سکریٹری بورڈ اور [illegible] تحصیلدار صاحب مضافات تحصیل بھی حالت روشنی گشت کر کے معلوم کریں اور باجلاس صاحب سکریٹری بہادر کونسل اطلاع کریں۔
۷ - نسبت شکایت گوشت گاؤ کہ جانور دوبار ذبح ہوتے ہیں اور نسبت کمی گوشت بکرا۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ بشیر سید عبداللہ ڈاکٹر بعد معائنہ احسان کو مطلع کیا کریں اور ذبح ہوا کرے نہیں اب بھی اگر انکے کام سپرد ہو تو بطور انجام ہو وہ شل جبکہ دوسرے یہ کام انسے نکالا گیا ہے مصدقہ برآمد کرکے آئندہ کمیٹی میں پیش ہو
۸ - نسبت حاضری و غیر حاضری ممبر صاحبان ممبر و مجلس کمیٹی میونسپل بورڈ۔	کل تعداد ممبر صاحبان بورڈ کی [illegible] ہے منجملہ [illegible] کے [illegible] ممبر صاحبان کی اطلاعیابی ہوئی اور [illegible] صاحب شریک جلسہ ہوئے اور [illegible] صاحب باوجود اطلاع شریک نہیں ہوئے معلوم ہوا کہ بعض ممبران بالکل نہیں آتے لہذا بالاتفاق تجویز ہوا کہ بذریعہ نقل تجویز ہذا ممبران غیر حاضر کو اطلاع دیجاوے کہ آئندہ جلسوں میں تشریف لایا کریں اور اگر کوئی خاص مجبوری حاضر جلسہ ہو تو اسکی اطلاع تحریری تا انجام جلسہ پہنچانا ضروری امر ہے۔

حکم صاحب سکرٹری بہادر کونسل واقع ۱۱ ر ستمبر ۱۸۹۲ء

ملاحظہ روئداد کا ہو کر احکام تحریر ہو گئے ابلاغ پاس ہو سکرٹری میونسپلٹی مطابق احکام تحریر شدہ کے تعمیل کریں۔ ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ شہر رامپور منعقدہ ۸ ر ستمبر ۱۸۹۲ء

منشی محمد ہادی حسن خان صاحب مجسٹریٹ ضلع صدر نشین کمیٹی
منشی نند کشور صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ ضلع سکریٹری کمیٹی

اسمائے شرکائے جلسہ

ملازمین

۱- حافظ احمد علی خان صاحب شوق منصرم نزول۔
۲- پنڈت ڈوری لال صاحب بخشی فوج۔
۳- منشی صادق حسین صاحب میونسپل انجینیر۔
۴- حکیم احمد رضا صاحب منصرم صدر شفاخانہ یونانی۔
۵- چوبے رگھناتھ پرشاد صاحب ڈپٹی انسپکٹر مدارس۔
۶- مولوی یعقوب علی خان صاحب وکیل سرکار۔
۷- پنڈت شیودت صاحب مدرس مدرسہ انگریزی۔

غیر ملازمین

۱- صاحبزادہ محسن خان صاحب۔ ممبر
۲- صاحبزادہ احمد علی خان صاحب۔ ممبر
۳- حافظ مستقیم صاحب۔ ممبر
۴- مولوی عبد المجید خان صاحب وکیل۔ ممبر
۵- رشید علی خان صاحب وکیل۔ ممبر
۶- عبد الرزاق خان صاحب وکیل۔ ممبر
۷- محمد معز اللہ خان صاحب مستاجر۔ ممبر
۸- لالہ بلدیو پرشاد صاحب مستاجر۔ ممبر
۹- محمد نبی خان صاحب۔ ممبر
۱۰- پنڈت رام دت صاحب۔ ممبر
۱۱- لالہ کنہیا لال صاحب۔ ممبر
۱۲- لالہ بلدیو پرشاد صاحب مستاجر۔ ممبر
۱۳- یار اللہ خان صاحب مستاجر۔ ممبر
۱۴- لالہ گوپال پرشاد صاحب۔ ممبر
۱۵- لالہ بسنت رائے صاحب مستاجر۔ ممبر
۱۶- مرزا احمد حسن صاحب۔ ممبر
۱۷- منشی عبد اللہ صاحب۔ ممبر
۱۸- لالہ بنسی لال صاحب۔ ممبر

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۱- عرضی سید احمد شاہ معہ کیفیت منجانب دربارہ ۔۔۔ اجازت ۔۔۔ شمسی ۔۔۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ قالین بینی کی اجازت دیجاوے لیکن سائل کو کوڑا سے ہونگے اور پلیٹ سے ہونگے کہ حالت میں قابل مواخذہ ہوگا اقرارنامہ بھی لکھا لیا جاوے۔ بلا اجازت ہمارے کیسے اجازت دی گئی - ۱۱ ستمبر ۱۹۲۰ء [illegible]
۲- یادداشت حکیم احمد رضا صاحب دربارہ واپسی لائسنس عطاران بوجہ خرابی ادویہ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ لائسنس واپس کرنے میں کوئی بہتری نظر نہیں آتی اور یہ قاعدہ بھی بیہودہ ہے کہ سب ممبران بعد نگرانی کریں اسلئے کہ اکثر ممبران ایسے ہیں جو دوائیں پہچان سکتے ہیں فی الواقع دوا بہت خراب ہوتی ہے اور اسکی نگرانی و دیکھ بھال دوا کی حکیم احمد رضا صاحب مرزا محمد حسن صاحب حکیم عبد الرزاق صاحب ممبران منتخب کئے جاویں یہ صاحب کبھی عطاروں کی دوا خراب دیکھیں ۔۔۔ ضابطہ سزا ہوگی جو دوا خراب ہو وہ ۔۔۔ عدالت ۔۔۔ بھیجا گیا ملاحظہ شد ۱۱ ستمبر ۱۹۲۰ء [illegible]
۳- رپورٹ گرداور صاحب سابق صفائی دربارہ انتظام ۔۔۔ پختہ سڑک۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اندرین باب تجویز در پیش ہے جلسہ آئندہ میں پیش ہو۔ ملاحظہ شد - ۱۱ ستمبر ۱۹۲۰ء [illegible]
۴- رپورٹ گرداور صاحب دربارہ تیاری کھرنجہ کوچہ ۔۔۔ وغیرہ	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ محلہ جات کے چند روز میں کھرنجہ وغیرہ سب درست ہو جاوینگے حسب ایما صاحب سکرٹری ہیلتھ ۔۔۔ صاحب سکرٹری بورڈ کارروائی فراہمی چندہ کرائے میں اور نیز یہ رپورٹ بھی شامل مثل متعلقہ ہو۔ ملاحظہ شد - ۱۱ ستمبر ۱۹۲۰ء [illegible]
۵- عرضی مولوی جعفر علی صاحب وغیرہ ۔۔۔ پلیہ ۔۔۔ تخمینہ جات صاحب میونسپل انجینئر	صاحب میونسپل انجینئر زبانی اسوقت اجلاس کمیٹی میں بیان کیا کہ یہ پلیہ بہت خراب حالت میں اب ہوگئی ہے جب تخمینہ ۔۔۔ مرتب کیا تھا اسوقت بقدر خراب نہ تھی اب ۔۔۔ سے کم میں مرمت نہوگی اور نیز ایک اور دوسری پلیہ ۔۔۔ روپیہ میں درست ہوگی ۔۔۔ روپیہ کی منظوری

رقمی مبلغ ۵ روپیہ ۔

ہونا چاہیے لہذا بالاتفاق تجویز ہوئی کہ فہرست ... کی منظوری ... صاحب پریسیڈنٹ میونسپل کمیٹی ... شروع کر دیا جاوے

بلا ملاحظہ و منظوری ہمارے یہ تجویز و تخمینہ کیوں منظور کیا گیا ۔ ۱۱ ستمبر ۱۸۹۲ء

---

۱۶ ۔ عرضی تسیم خان معہ کیفیت صدری دربارہ تعمیر ... متصل اصطبل جدید

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اصطبل جدید کی شمالی جانب جو میدان وسیع پڑا ہے اور دروازے سے بچا کر ... سائل بھی قائم کر سکتا ہے لیکن ... کی حالت میں قابل مواخذہ ہوگا ... اقرار نامہ لیا جاوے ۔

یہ تجویز کمیٹی کی ناقص ہے اسکا اجرا نکیا جاوے اور سکریٹری سے دریافت کیا جاوے کہ چونکہ اس آدمی کا الحاق اصطبل سے ہے اور غالباً یہ آدمی متعلقہ اصطبل ہے تو انھوں نے بلا استمزاج افسر اصطبل ایسی تجویز کیسے کر دی آیندہ وہ کوئی ایسی تجویز بلا استمزاج ہمارے نکیا کریں ۔ ۱۱ ستمبر ۱۸۹۲ء

---

۱۷ ۔ عرضی محلہ داران ... بدرخواست نصب لالٹین در مسجد محلہ ۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ فنڈ روشنی مساجد میں گنجائش نہیں عرضی بہ داخل دفتر ہو ۔

ملاحظہ شد ۔ ۱۱ ستمبر ۱۸۹۲ء

---

۱۸ ۔ عرضی محلہ داران چندو ... بشکایت نالہ ... میونسپل ...

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ جلسہ آیندہ میں پیش ہو ۔

ملاحظہ شد ۔ ۱۱ ستمبر ۱۸۹۲ء

---

۱۹ ۔ رپورٹ گرداوری صفائی سابق ... نقشہ ... بنارس ...

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ طرف گنج میں گاڑیاں وغیرہ رکھنے کی تجویز ہوئی ہے جناب ... صاحب بہادر کونسل نے بھی ملاحظہ فرما لیا ہے لہذا یہ کاغذات داخل دفتر ہوں ۔

ملاحظہ شد ۔ ۱۱ ستمبر ۱۸۹۲ء

---

۲۰ ۔ نقل تجویز اجلاس کامل کونسل دربارہ ... بکری ... ۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ رعایا کو پونے سولہ گنڈے ... کی شکایت تھی جسکی بابت اجلاس کامل کونسل سے تجویز ہو چکی کہ پورے سولہ گنڈے کو فروخت ہوا کریں اور اگر بازار میں سولہ گنڈے ... ہو

	مزارعت سے لے لئے جاویں لہذا اب کوئی ضرورت نہیں ہے کہ اس معاملہ میں بحث ہو یا کوئی تجویز ملاحظہ شد ۱۱ ستمبر سنہ ۱۹۳۲ء
۱۱- نوٹ صاحب میونسپل انجینئر درباب ایزادی بجٹ گلستان وغیرہ	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ گرداور صاحب حفظان صحت کی ایک رپورٹ جو دربارہ انتظام صفائی نالی ہائے ہوئی تھی اور آئندہ جلسہ کی پیشی اسپر تجویز ہو چکی ہے یہ نوٹ بھی شامل اوسی عرضی کے بعد آئندہ میں پیش ہو۔ ملاحظہ شد ۱۱ ستمبر سنہ ۱۹۳۲ء
۱۲- عرضی مولوی محمد لطیف صاحب مع عرضی محلہ داران محلہ [illegible] بشکایت سڑک۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ حقیقت میں حالت اس سڑک کی خراب ہے لیکن ہم وقت بغیر اسکے کہ راکھ برادہ کی پڑے اور کچھ ہو نہیں سکتا راکھ اس سڑک پر بھی حسب تجویز حضور جناب صاحب سکریٹری بہادر کونسل پڑجاویگی بعد برسات یقین ہے کہ صاحب چیف انجینئر بہادر کے محکمہ سے روڑہ اس سڑک پر پڑے گا لہذا آئندہ جلسہ میں پیش ہو۔ ملاحظہ شد ۱۱ ستمبر سنہ ۱۹۳۲ء
۱۳- درخواست گرداور صاحب صفائی سابق مع فہرست مہترہائے تبدیل تعدادی (۱۶) مع تخمینہ رقمی ماہوار وغیرہ ٹھیکہ روشنی۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ مثل کے دیکھنے سے بخوبی یہ بات ظاہر نہیں ہوتی کہ تبدیلی مہتر بذمہ ٹھیکہ داران روشنی ہے یا بذمہ میونسپلٹی گرداور صاحب حال نے بیان کیا کہ ٹھیکہ داروں کی ذمہ ہے میرے پاس اونکا اقرارنامہ موجود ہے چونکہ عدم تبدیلی مہترہا سے ہرج ہوگا لہذا صاحب سکریٹری بورڈ اپنی انتظام سے تبدیلی مہترہ کرادیں اور وہ اقرارنامہ جسکا حوالہ گرداور صفائی حال نے دیا ہے آئندہ جلسہ میں شمول کاغذات پیش ہو ملاحظہ شد ۱۱ ستمبر سنہ ۱۹۳۲ء
۱۴- نوٹ صاحب سکریٹری بورڈ مع رائے صاحب اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ شہر درباب انتظام تماکو فروشی۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ یہ امر مسلم ہے کہ تماکو خراب ہوتا ہے روڑہ وغیرہ زیادہ ڈالا جاتا ہے لیکن انتظام اسکا مشکل معلوم ہوتا ہے لہذا یہ معاملہ خارج از بحث سمجھکر کاغذات داخل دفتر کئے جاویں۔ ملاحظہ شد ۱۱ ستمبر سنہ ۱۹۳۲ء

۱۵ - نوٹ مرزا احمد حسن صاحب ممبر بورڈ دربارہ انتظام ماندہ ہای چماران و تھانہای گھوڑہ وغیرہ و انتظام گوشت گائے وغیرہ۔

بعد بحث کثرت رائے سے تجویز ہوئی کہ چماران کی ماندین علیحدہ کرنے میں یا ماندوان کے جمع کرنے کی کوئی مقام تجویز کرنے سے غربا لوگ جو اولیہ یا تہہ گزر کرتے ہیں سخت حیران ہونگے اسکو بحال خود چھوڑا جاوے البتہ گھوڑ دوڑ گھوڑوں گائے و بھینس اکثر لوگ پالتے ہیں اور صفائی تھان کی جانب مطلق توجہ نہیں کرتے انکی صفائی کی بابت تاکید ہونا چاہئے مالکان پر تقاضا کیا جاوے کہ بھنگنوں اور بھنگیوں سے خوب صفائی کرادیں اور غلاظت ہرگز جمع نکریں جو لوگ غربا ان میں سے ہوں اور صاف کرانیکی بطور خود طاقت نرکھتے ہوں انکے جانوروں کے تھان میونسپلٹی کی جانب سے صاف کرائے جاویں۔ بر قصابان کی سرکشی حد سے زیادہ ہو چلی یعنی بحالیکہ پچاس راس روزانہ ذبح کرنیکا حکم ہے اور اب جس روز سے ہیر لعینہ کر ذبح ہونیکی ممانعت ہو تو گرداور صاحب لکھتے ہیں کہ ۹ ستمبر کو ۸ راس اور ۱۰ ستمبر ۱۸۹۲ء کو پندرہ راس ذبح کئیں پیشتر ان لوگوں سے مچلکہ اور اقرار نامہ لیا گیا ہے کہ پچاس راس ذبح کیا کریں لہذا صاحب مجسٹریٹ ضلع کو تکلیف دیجاوے کہ اس سرکشی کی عوض بر قصابان سے مچلکے جو لئے ہوے ہیں ضبط فرمائیں تجربہ سے معلوم ہو گیا کہ جبتک ان لوگوں کے ساتھ سختی سے برتاؤ نکیا جاوے ایسا فرقہ نہیں ہے کہ تعمیل حکم کرے غور کی جگہ ہے کہ جن تاریخوں میں بجاے پچاس راس کی آٹھ اور پندرہ ذبح ہوئیں تو کسقدر تمام باشندوں کو تکلیف ہوئی ہوگی اور خاصکر اس موسم میں کہ اکثر لوگ مریض ہیں اور گویا بکری کا گوشت انکی دوا ہے۔

ملاحظہ شد - ۱۱ ستمبر ۱۸۹۲ء

۱۶ - نوٹ مرزا احمد حسن صاحب ممبر بورڈ دربارہ شکایت کارخانہ جات چرم موقوعہ شہر۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ درحقیقت یہ معاملہ ایک عرصہ سے ابتک زیر بحث اور تجویز چلا آتا ہے اور کوئی نتیجہ مرتب نہیں ہوا حالانکہ بعض بعض کارخانہ داران متصل سیلخ کارخانہ جات کرنے پر رضامند ہیں لہذا صاحب میونسپل انجینئر کو اطلاع دیجاوے کہ نقشہ موقع کا جلد تر مرتب کردیں تاکہ بعد ملاحظہ و پسند جناب صاحب سکرٹری بہادر کونسل کارخانہ جات متصل سیلخ چلے جاویں۔

ملاحظہ شد - ۱۱ ستمبر ۱۸۹۲ء

نمبر و مضمون	تجویز
۱۷ — عرضی سید مہدی شاہ در بارہ انتزاع چبوترہ واقعہ غلام خان وغیرہ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ صاحب مجسٹریٹ ضلع کے پاس بہ مسل واپس جاوے یہ بھی معلوم ہوا کہ یہ چبوترے متعلق مکان کے ہیں اور مقدمہ عدالت دیوانی میں دائر ہے۔ ملاحظہ شد ۱۱ ستمبر ۱۸۹۲ء
۱۸ — رپورٹ داروغہ صاحب صفائی بابت کمی روغن کی جو بکس خالی ہوئے ہیں	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ آیندہ جلسہ میں پیش ہو گرداور صاحب حال اس بابت تحقیقات کرکے مطلع کریں کہ یہ کمی کس وجہ سے ہوئی کہ بکس خالی نکلا اور بعض بعض نصف ہیں۔ ہمکو معلوم ہے کہ جب بکس دیئے گئے تھے تو صرف ایک دو بکس میں روغن کم ہونیکی اطلاع ناظر حسین نے ہمکو کی تھی اب اگر اس سے زیادہ پایا جاوے تو تغلب کا احتمال ہے اسکی تحقیقات میں زیادہ احتیاط کیجاوے۔ ۱۱ ستمبر ۱۸۹۲ء
۱۹ — کاغذات تجویز کمیٹی در بارہ صفائی بہشتیان آبکاری شہر از طرف ٹھیکہ دار آبکاری۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ کریم اللہ ٹھیکہ دار آبکاری نے بہشتیان آبکاری کی صفائی کی بابت آٹھ روپیہ ماہوار صفائی میں داخل کرنیکا ۱۰ اگست کی کمیٹی میں اقرار نامہ کر لیا تھا لیکن اب ٹھیکہ دار مذکور کو یہ عذر ہے کہ یکم اکتوبر ۱۸۹۲ء سے داخل کرونگا لہذا یہ عذر اوسکا منظور کیا جاتا ہے گرداور صاحب کو لکھا جاوے کہ یکم اکتوبر ۱۸۹۲ء سے آٹھ روپیہ ماہوار وصول کریں اور اگست و ستمبر کی بابت وہ چھ روپیہ جو اول سے لئے جاتے ہیں لئے جاویں۔ ملاحظہ شد ۱۱ ستمبر ۱۸۹۲ء
۲۰ — روبکار صاحب مجسٹریٹ ضلع بدیں خلاصہ کہ جو لوگ پرتہ صفائی کی باقی کی بابت حوالات کئے جاتے ہیں انکو خوراک کہاں سے دیجاوے۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ پرتہ صفائی کے مطالبہ میں جو شخص حوالات کیا جاوے اوسکو خوراک بھی صفائی فنڈ سے دیجاوے اور جیلر صاحب کے پاس دس روپیہ پیشگی بھیجدیجاویں علی الحساب رکھدیا جاوے کہ ماہوار اوس رقم میں سے جسقدر خرچ ہو مجرا دیا جاوے اوسکا جمع خرچ بھیجدیا کریں تاکہ رقم مذکور صفائی سے مجرا ہوتی رہے۔ ملاحظہ شد ۱۱ ستمبر ۱۸۹۲ء

305

ضمیمہ [illegible] گزٹ رامپور نمبر ۴۱

مطبوعہ ۱۱ اکتوبر ۱۸۹۲ء [illegible]

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائی ۴ لغایت ۱۰ اکتوبر ۱۸۹۲ء

نام مقام	پیدائش					تفصیل فوتی												تفصیل قومی					کیفیت
	مرد		عورت		جملہ									میزان									
شہر رامپور	۱۲	۴	۱۳	۶	۳۵	۳۴	۱۰	۱۲	۱۲	۱	۲	۱۱	۱۱	۲۴	۲۰	۲۷	۱۲	۱۱	۲	۱	۳۵	۳۹	[illegible]
تحصیل حضور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	[illegible]
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	״
شاہ آباد	۱۱	۱۸	۶	۱۶	۵۲	۱۶	۳۵	۶	۱۰	۶	۲	۱۰	۱۱	۲۲	۲۳	۱۵	۳۰	۲	۰	۱۳	۳۰	۴۵	۰
بلاسپور	۲	۲	۲	۷	۱۴	۸	۹	۰	۱	۰	۰	۱	۱	۱	۲	۱	۲	۰	۰	۰	۳	۳	۰
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	[illegible]
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	״
میزان	۲۵	۲۴	۲۵	۳۰	۱۰۴	۵۰	۵۴	۱۸	۲۲	۶	۴	۲۲	۲۳	۲۷	۵۰	۵۳	۲۴	۱۳	۲	۱۴	۶۸	۹۷	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائی ۴ لغایت ۱۰ اکتوبر ۱۸۹۲ء

نام جنس	شہر رامپور	تحصیل شاہ آباد	تحصیل ملک	تحصیل سوار	تحصیل بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۳ ثار	۱۳ ثار	۱۴ ثار	۱۴ ثار			تحصیل بلاسپور و ٹانڈہ سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۸ ثار	۱۸ ثار	۱۸ ثار	۱۸ ثار			
نخود گندم آمیز	۲۰ ثار	۱۹ ثار	۲۰ ثار	۱۰ ثار			
[illegible]	۲۲ ثار	۰	۲۱ ثار	۲۰			
باجرہ	۱۶ ثار	۱۵ ثار	۱۴ ثار	۱۳ ثار			
مونگ	۰	۱۵ ثار	۱۳ ثار	۱۲ ثار			
مکا	۲۲ ثار	۲۲ ثار	۲۴ ثار	۲۲ ثار			
چنے	۲۳ ثار	۱۷ ثار	۲۰ ثار	۲۲ ثار			
کودنی	۲۲ ثار	۱۵ ثار	۱۹ ثار	۲۰ ثار			
عدس	۱۹ ثار	۱۶ ثار	۲۰ ثار	۲۰ ثار			
ارہر	۲۳ ثار	۲۴ ثار	۲۱ ثار	۲۲ ثار			
برنج	۱۱ ثار	۱۳ ثار	۱۴ ثار	۱۰ ثار			
روغن زرد	[illegible]	۱ ثار	۱ ثار	۱ ثار			
روغن سیاہ	۳ [illegible] ثار	۳ ثار	۳ ثار	۲ ثار			
روغن کنجد	۰	۴ ثار	۰	۰			
نمک سانبھر	۰	۹ ثار	۹ ثار	۹ ثار			
نمک لاہوری	۰	۷ ثار	۰	۷ ثار			
قند سیاہ	۰	۹ ثار	۰	۹ ثار			